بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ہو المعین الاکبر

# رسالہ
# اقوالِ زریں

مرتبہ
## شاہ اکرام حسین سیکری

یکے از مطبوعات
شعبۂ تصنیف وتالیف
خانقاہ عالیہ چشتیہ میرپور خاص سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

ہو المعین الاکبر

# رسالہ

# اقوال زریں

مرتبہ

شاہ اکرام حسین سیکری

یکے از مطبوعات

شعبۂ تصنیف و تالیف

خانقاہ عالیہ چشتیہ میرپور خاص سندھ

نام کتاب:-------------اقوال زریں

مرتب:---------------شاہ اکرام حسین سیکری

سال نوشت:------------۱۹۹۹ء

سال اشاعت:-----------۲۰۰۶ء

تعداد اشاعت باراول:--------ایک ہزار

معاونین:-------------تاج محمد چشتی ایم.اے۔علی شیر چشتی

کمپوزنگ:-------------دانش نواز رند، دانش کمپیوٹر گرافکس
بلدیہ سینٹر میر پور خاص

پریس:-------------

ملنے کا پتہ:

شعبۂ تصنیف و تالیف

خانقاہ چشتیہ پوسٹ بکس نمبر 28 میر پور خاص سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# حرف آغاز

زیرنظر مختصر رسالہ اقوال زریں کا مجموعہ ہے۔ناظرین کیلئے بڑے کام کی باتیں اس میں جمع کر دی گئی ہیں۔ ہدایت حاصل کرنے والے لوگ اس سے ہدایت حاصل کریں گے۔ جولوگ ہدایت کی نعمت سے بے بہرہ ہیں ان کیلئے یہ رسالہ مفید نہیں ہے۔

سید اکرام حسین سیکری

۲۱۔ جون ۱۹۹۹ء

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا یہ نہ دیکھو کہ کون بول رہا ہے یہ دیکھو کہ کیا بول رہا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

ایمان کا دشمن------جھوٹ

عزت کا دشمن------سوال

عقل کا دشمن-------غصہ

دولت کا دشمن-----بددیانتی----ہے

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

تلوار کا زخم جسم پر اور گفتار کا زخم روح پر ہوتا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

برا کہنا خراب ہے، لیکن برا چاہنا اس سے بھی زیادہ خراب ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا یہ نہ دیکھو کہ کون بول رہا ہے یہ دیکھو کہ کیا بول رہا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

ایمان کا دشمن ------- جھوٹ

عزت کا دشمن ------- سوال

عقل کا دشمن -------- غصہ

دولت کا دشمن ------ بددیانتی ---- ہے

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

تلوار کا زخم جسم پر اور گفتار کا زخم روح پر ہوتا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

برا کہنا خراب ہے، لیکن برا چاہنا اس سے بھی زیادہ خراب ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

کھلی ہوئی عداوت منافقانہ دوستی سے بہتر ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

## یاد رکھو۔

اعتماد بہت ہی نازک شیشہ ہے۔ جو ایک بار گر کر ٹوٹ جائے تو پھر دوبارہ نہیں جڑ سکتا۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

سخت کلامی سے رقیق جیسے نرم دل بھی سخت ہو جاتے ہیں۔

☆-----☆☆☆-----☆

کسی بھی دل کی آزاری دنیا میں سب سے بڑا گناہ ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

احسان مند کے شر سے بچو۔

☆-----☆☆☆-----☆

## بوعلی سینا نے کہا:

جو شخص انتقام کے طریقوں پر غور کرتا رہتا ہے۔ اس کے زخم تازہ رہتے ہیں۔

☆-----☆☆☆-----☆

## یاد رکھو!

آدمی گر کر تو سنبھل سکتا ہے۔ لیکن نظروں سے گر جانے والا دوبارہ نہیں سنبھل سکتا۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حق دب جاتا ہے مگر فنا نہیں ہوتا کہ بقا حق کا مقدر ہے۔ باطل کبھی غالب آجاتا ہے۔ مگر قائم نہیں رہتا کہ فنا باطل کا مقدر ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

## لوگو!

اگر اس دنیا میں سکون سے رہنا چاہتے ہو تو کسی کا دل مت دکھاؤ کسی کو ایذا مت دو سب سے محبت کرو دکھ سکھ میں سب کے شریک رہو۔

☆-----☆☆☆-----☆

کسی بھی دوست کی دوستی پر بھرپور اندھا اعتماد نہ کرو کہ وہ مخالف ہو جائے تو اس کا وار دشمن سے بھی زیادہ کاری ہوتا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

ایک شخص نے حضور نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا، ایمان کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا! اخلاص۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔ اہل اخلاص کیلئے خوشخبری ہے وہ ہدایت کی مشعل ہیں ان سے ہر فتنہ دور ہو جاتا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا مجھے تمہارے باب میں سب سے زیادہ شرک اصغر کا خوف ہے۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا شرک اصغر کیا ہے؟

حضور ﷺ نے فرمایا "ریا"۔

☆-----☆☆☆-----☆

کسی بھی انسان کی بداخلاقی ایک ایسا درخت ہے جس کے پھل بیماری، رنج والم، سوختہ دل اور مصیبت ہوا کرتے ہیں۔

☆-----☆☆☆-----☆

## برائی

خواہ چھوٹی ہو یا بڑی۔ بہرحال برائی ہے۔اس سے بچنا ضروری ہے۔خود بھی بچو اور دوسروں کو بھی بچاؤ۔ یہ بڑی نیکی ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

بداعمال لوگ بدحال بھی ہیں

☆-----☆☆☆-----☆

جہاں تک بھی ہو وعدہ مت کرو۔اگر کرو تو اس کو پورا کرنا ضروری ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

## خلق کی خدمت

بلاتمیز مذہب وملت اور بلاتمیز امیر وغریب کرنا بہت بڑی نیکی ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ آپ کو یہ کام کرنے کی توفیق ۔۔عزم اور ہمت عطا فرمائے۔

☆-----☆☆☆-----☆

دوستوں کی دوستی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش مت کرو۔ بلکہ ان کو فائدہ پہچانے کی کوشش کرتے رہو۔ دوستی کا تقاضہ یہی ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنے معاشرے کے نیک لوگوں کا احترام اورعزت کرنا آپ کے حق میں مفید ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنی اولاد کو نیک، صالح، باادب اور باتہذیب بناؤ۔ بے ادب اور بدتہذیب اولاد آپ کیلئے ملک اور قوم کیلئے ایک عذاب ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنے عزیز اور رشتہ داروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے رہو، ان کے جذبات اور احساسات کا لحاظ رکھو، ان کی لغزشوں کو درگزر کرو۔ پیار اور محبت کے رشتوں کو ہمہ وقت محفوظ رکھو۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنے کسی بھی کام میں دانشمند اور تجربہ کار لوگوں سے مشورہ کرنا بہتر تدبیر ہے۔ اس طریقہ کار سے کام کے مفید اور مضر پہلو سامنے آجاتے ہیں۔

☆_____☆☆☆_____☆

کسی بھی حال میں کسی کی ضمانت مت دو کہ موجودہ وقت میں اس کام کا آخری نتیجہ رنج اور افسوس ہوتا ہے۔

☆_____☆☆☆_____☆

جہاں تک ممکن ہو قرض مت لو جو کام قرض سے ہو اس کو ترک کر دینا بہتر ہے۔

☆_____☆☆☆_____☆

اگر آپ کسی کو خوش نہیں کر سکتے ہیں تو ناخوش بھی نہ کریں۔

☆_____☆☆☆_____☆

کسی کو گالی مت دو اگر دو گے تو پھر گالی سننی بھی پڑے گی۔ احتیاط کریں۔

☆_____☆☆☆_____☆

اپنی آمدنی کے مطابق اپنا گھر کا بجٹ بنائے رکھو آمدنی سے زیادہ

خرچ کرنا پریشانی کو دعوت دینا ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنے سے اونچے درجے کے لوگوں سے رشتہ مت کرو کہ ایسے

رشتہ اکثر خرابیوں کا باعث بن جاتے ہیں۔

☆-----☆☆☆-----☆

کسی کا احسان مت لو، اگر کبھی کسی پر احسان کرنے کا موقع میسر

آجائے تو جلد از جلد احسان کرو۔

☆-----☆☆☆-----☆

اپنی کسی ضرورت کیلئے کسی سے سوال کرنا بڑی بے غیرتی کی بات

ہے۔اپنے آپ کو ایسی لعنت سے ہمیشہ بچاؤ۔

☆-----☆☆☆-----☆

مصیبت کے دنوں میں اپنے دشمنوں کے کام آؤ۔دشمنی مٹانے کا

یہ عمدہ طریقہ ہے۔

☆-----☆☆☆-----☆

اگر کسی نے آپ کا نقصان کیا ہے تو اس سے انتقام لینے کے بجائے معاف کر دینا زیادہ بہتر ہے۔

☆_____☆☆☆_____☆

ختم شد

# غور کیجئے

ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ
ساری دنیا میں مسلمانوں
کا ہمدرد کوئی نہیں ہے
اوراس سے بھی بڑا المیہ
یہ ہے کہ خود مسلمان بھی ایک
دوسرے کے ہمدرد نہیں ہیں۔

شاہ اکرام حسین سیکری